**E–1–A**

Roll No.............................................

Total No. of Questions : **16**] [Total No. of Printed Pages : **15**

# XKDAR21
# 5501–A
# URDU

**Time : 3 Hours]** **[Maximum Marks : 80**

حصہ" الف "

ا۔ درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اوراس کے آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو اسی عبارت سے چن کر مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔ ۵×۱=۵

تاج محل کا شمار دنیا کے آٹھ عجوبوں میں ہوتا ہے۔ یہ اُتر پردیش کے شہر آگرہ میں دریائے جمنا کے کنارے واقع ہے۔ نفیس سنگ مرمر سے تعمیر یہ روضہ اپنی محبت کی نشانی کے طور پر پانچویں مغل حکمران شاہ جہاں نے تعمیر کرایا تھا۔ لیکن دنیا کی خوبصورت، عجوبہ روزگار اور محبت



https://www.jkboseonline.com

کی نشانی کو آج کل متعدد خطرات کا سامنا ہے۔ یہ عمارت تین انچ

زمین میں دھنس گئی ہے۔ دوسرا خطرہ یہ ہے کہ ماحول کی آلودگی اس

کے حسن کے لئے خطرہ بن گیا ہے۔

(i) تاج محل کس دریا کے کنارے ............ واقع ہے۔

(ii) تاج محل کو ............ نے تعمیر کروایا۔

(iii) تاج محل کا ............ دنیا کے آٹھ عجوبوں میں ہوتا ہے۔

(iv) آگرہ، ریاست ............ کا ایک شہر ہے۔

(v) ماحولیاتی آلودگی سے تاج محل کا ............ متاثر ہو رہا ہے۔

۲۔ درج ذیل شعری جز کو غور سے پڑھئے اور آخر پر پوچھے گئے سوالات کے

جوابات میں سے درست جواب چُن لیجئے۔

۵×۱=۵

آغوشِ لحد میں جب کہ سونا ہوگا

XKDAR21—5501-A

E–1–A

https://www.jkboseonline.com

جز خاک نہ تکیہ نہ بچھونا ہوگا

تنہائی میں آہ کون ہووے گا انیس

ہم ہوں گے اور قبر کا کونا ہوگا

(i) ''لحد'' سے کیا مراد ہے؟

(الف) میدان۔

(ب) قیامت۔

(ج) قبر۔

(د) موت۔

(ii) یہ اشعار کس شاعر کے ہیں؟

(الف) مرزا دبیر۔

(ب) میر انیس۔



https://www.jkboseonline.com

(ج) اقبالؔ۔

(د) غالبؔ۔

(iii) یہ اشعار کس صنف سخن سے تعلق رکھتے ہیں؟

(الف) قصیدہ۔

(ب) غزل۔

(ج) مثنوی۔

(د) رباعی۔

(iv) ان اشعار میں شاعر نے کس کا نقشہ کھینچا ہے؟

(الف) زندگی کا

(ب) موت کا۔

(ج) جنت کا۔

(د) جہنم کا۔



https://www.jkboseonline.com

(v) قبر میں کون سی چیز انسان کے ساتھ ہوتی ہے؟

(الف) تکیہ۔

(ب) بچھونا۔

(ج) سونا۔

(د) خاک۔

۳۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر دیئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ ۵×۱=۵

شوریدہ کاشمیری علاقہ شوپیان کے ایک علمی گھرانے میں ۱۹۲۴ء میں پیدا ہوئے۔ وہ ایک پیدائشی شاعر تھے جن کی شاعری آمد کی سچائی سے مزین ہے۔ انھوں نے ادب کی کئی اصناف میں طبع



https://www.jkboseonline.com

آزمائی کی۔ جوشِ جنوں، جذبِ دروں (شعری مجموعے) خطاب خامہ (ادبی خطوط کا مجموعہ) کلماتِ نبویؐ (احادیث نبوی کی منظوم شرح) اور چند متفرق نوعیت کے مضامین و مقالات پر ان کا ادبی سرمایہ مشتمل ہے۔ انھوں نے اردو زبان و ادب کے علاوہ فارسی، عربی اور انگریزی ادبیات کا بھی گہرا مطالعہ کیا تھا۔

(i) کلماتِ نبوی کتاب کا موضوع کیا ہے؟

(ii) شوریدہ کاشمیری کب پیدا ہوئے؟

(iii) شوریدہ کاشمیری نے کس کس زبان میں ادبی مطالعہ کیا؟

(iv) شوریدہ کاشمیری کے دو شعری مجموعوں کا نام بتایئے۔

(v) کتاب ''خطاب خامہ'' کیا ہے؟



https://www.jkboseonline.com

## حصہ "ب"

۴۔ (الف) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔ ۳

(i) کتاب۔

(ii) دہی۔

(iii) رومال۔

(ب) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔ ۲

(i) اسباب۔

(ii) ورق۔



https://www.jkboseonline.com

۵۔ دیئے گئے حروف کی تعریف کیجئے اور مثالیں بھی دیجئے۔ ( صرف دو ) ۵

(i) حروف تاسف۔

(ii) حروف شرط۔

(iii) حروف ندا۔

۶۔ ہدایات کے مطابق جواب لکھئے۔ ۵×۱=۵

(الف) ''کتنی خوبصورت عمارت ہے''

اس جملے میں لفظ '' خوبصورت '' کیا ہے؟

(i) فاعل۔

(ii) مفعول۔

(iii) اسم صفت۔

(iv) فعل۔



https://www.jkboseonline.com

(ب) ''میں نے سیب کھایا''

اس جملے میں ''سیب'' کیا ہے؟

(i) اسم فاعل۔

(ii) اسم مفعول۔

(iii) صفت۔

(iv) فعل۔

(ج) ''استاد بچوں کو پڑھا رہا ہے''

اس جملے میں ''استاد'' کیا ہے؟

(i) اسم فاعل۔

(ii) اسم مفعول۔

(iii) اسم صفت۔

(iv) فعل۔



https://www.jkboseonline.com

(و) ''کیا شاندار عمارت ہے''

اس جملے میں ''شاندار'' کیا ہے؟

(i) اسم صفت۔

(ii) اسم فاعل۔

(iii) اسم مفعول۔

(iv) اسم معرفہ۔

(ہ) ''احمد نے کتے کو مارا''

اس جملے میں ''کتا'' کیا ہے؟

(i) اسم فاعل۔

(ii) اسم مفعول۔

(iii) اسم صفت۔

(iv) اسم نکرہ۔



https://www.jkboseonline.com

۷۔ درج ذیل محاورات میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجئے ۔ ۲

(i) اُلو سیدھا کرنا۔

(ii) قافیہ تنگ کرنا۔

(iii) ایک نہ سننا۔

۸۔ کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے ۔ ۴

(i) زمین گول ہے۔

(ii) مچھلی پانی میں تیر رہی ہے۔

حصہ" ج "

۹۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر روشنی ڈالئے ۔ ۵

(i) ڈراما۔

(ii) ناول۔



https://www.jkboseonline.com

(iii) غزل۔

(iv) مرثیہ۔

۱۰۔ درج ذیل درسی اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔ ۵

(i) عبرت۔

(ii) آسمان پھول اور لہو۔

(iii) اور مزاج دار لُٹ گئی۔

۱۱۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔ (صرف تین اشعار کی) ۲×۳=۶

(i) غم و غصہ رنج و اندوہ و حرمان

ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے

(ii) موت کا ایک دن معین ہے

نیند کیوں رات بھر نہیں آتی



https://www.jkboseonline.com

(iii) کون ہے جو نہیں ہے حاجت مند

کس کی حاجت روا کرے کوئی

(iv) تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں

کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں

(v) ہر ایک رنگ میں کاٹیں گے ہم سزا ہی سہی

یہ زندگی کسی مفلس کی بددعا ہی سہی

(vi) ایک بھی موسم میرے اندر نہ تھا

اور آنکھوں میں کوئی منظر نہ تھا

۱۲۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے ۔ ۵

(i) ملک صادق کون تھا اور شہزادے کے ساتھ اس کا کیا رشتہ تھا ؟

(ii) محمد عاقل جن کی چال کیوں نہ سمجھ سکا ؟

(iii) داروغہ جی کا پنڈت چندردھر کے ساتھ کیسا برتاؤ تھا ؟



https://www.jkboseonline.com

۵

۱۳۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔

(i) حضرت محمد ﷺ کیا پیغام لے کر آئے؟

(ii) مفلس کو ہر وقت کس چیز کی فکر رہتی ہے؟

(iii) رام چندر جی کو دیکھ کر اس کی ماں کیوں رونے لگی؟

۱۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک ادیب یا شاعر کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔ ۴

(i) میرا من۔

(ii) علامہ اقبال۔

(iii) سرسید احمد خاں۔

(iv) میر تقی میر۔

حصہ "د"

۱۵۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام فیس معاف کروانے کے لئے درخواست لکھئے۔

۶



https://www.jkboseonline.com

(یا)

اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھئے جس میں انہیں پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیل کود کی اہمیت سے واقف کرائیں۔

۱۶۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر ڈیڑھ سو سے دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔

(i) علم کے فوائد۔

(ii) موبائل فون۔

(ii) کھیلوں کی اہمیت۔

https://www.jkboseonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Send your old paper & get 10/-
अपने पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से



https://www.jkboseonline.com